# Terms and Conditions for Islamic Prestige Locker Application Form

(These terms and conditions govern Habib Bank Limited's (the Bank) obligations to you as a Licensor of the Locker and your obligations to the Bank as a Licensee. These terms and conditions will apply to all Lockers, including HBL Islamic Prestige Semi Digital & Automated Lockers at any of the Bank's branches in Pakistan (where Lockers are available).

I/We ("Licensee(s)") request the Bank to grant to me/us the right to use a safe deposit Locker situated at ______________________________("Locker") as per the information provided by me/us in this Locker Opening Form ("Locker Opening Form"). I/We hereby acknowledge, agree and confirm: (a) receipt of these terms and conditions governing this Locker (hereinafter referred to as the "Terms and Conditions"); (b) I have carefully read and understood the terms and conditions; (c) that this Locker Opening Form has been signed by me/us as acceptance of the terms and conditions and any changes, supplements or modifications thereto that may be made by the Bank from time to time, and notified by the Bank in relation therewith.

1. A distinctive Locker number shall be allotted to each Locker which shall be quoted in all correspondence relating to the Locker.
2. The Lockers shall be accessible for Licensees during normal banking hours of the branch where the Locker is situated.
3. The Licensee agrees to maintain a bank account at any branch of the Bank in Pakistan during the term of this License for use of the Locker; and in the event such bank account is closed for any reason whatsoever, the Licensee shall immediately surrender the Locker. In case the Licensee doesn't wish to surrender the Locker and account has to be closed then it can be linked to another account of the same Licensee. The Licensee shall be responsible to ensure that an amount equal to the applicable Locker rent is available in account at the time of deduction by the Bank.
4. The Licensor reserves the right to refuse the Licensee(s) access to the Locker in the event Locker rent and applicable charges have not been paid in accordance with the I-SOBC.
5. The Licensee hereby authorises the Licensor to debit their bank account on the due date of Locker fees from any bank account under title of the Licensee(s).
6. All the Lockers maintained in the name of an individual shall be operated singly by the individual or the Power of Attorney holder of such individual and in the case of Joint Licensees Semi Digital/Automated Lockers with joint licensees, including those with "Either or Survivor" mandate, can only be operated singly and cannot be operated jointly, by either of the Joint Licensees or as may be specified by the Joint Licensees in the Locker Opening Form, or by their Power of Attorney holders and accepted by the Licensor in its discretion.
7. In case of Joint Licensee, any change in operational instructions or any other information with regard to the Locker Opening Form is to be given by all of the Licensee, irrespective of the mode of operation.
8. Locker charges will be applicable as per the Islamic Schedule of Bank Charges, which can be accessed and reviewed on the official website of the bank at https://www.hbl.com.
9. The Licensee shall be solely responsible for safe-keeping of the Lockers key and maintaining confidentiality of the secret PIN for Lockers. If the Locker-key is lost by the Licensee or the secret PIN is shared and/or compromised, the same shall be notified to the bank immediately without delay by the Licensee, until which time the Bank shall not be liable for any loss incurred by the Licensee(s) as a result thereof. Thereafter, the Locker will be broken open upon the written request of the Licensee(s) by a vendor approved by the Licensor. All applicable charges to break and open the Locker for changing the lock and key shall be payable by the Licensee in accordance with I-SOBC.
10. The applicable key deposit charges paid by the Licensee in accordance with the I-SOBC shall be refunded to the Licensee at the time, the Locker is surrendered to the Licensor, provided there are no outstanding dues of the Licensee. In the event of there being any outstanding payments of rent of the Locker or any other actual charges by the Licensee to the Licensor, the Licensee grants the Licensor the right to adjust any outstanding rent and other actual charges from the key deposit whenever these are overdue.
11. The Licensee shall not have the right of property on the Locker, but only the right of use thereof and access thereto shall be subject to these terms and conditions. The Licensee is not allowed to assign or sublet the Locker or any part thereof.
12. The Licensee's right to use the Locker shall be terminated by the death of any of the Licensees.
13. The Licensee shall not use the Locker for deposit of cash, liquid, perishable, chemical, dangerous, inflammable, contraband items or any item which would be unlawful to possess or store, harmful, destructive nature or prohibited by the law in any manner. The licensor reserves the right to terminate this License, without prior notice, if the Licensor discovers that the Locker is being used for unlawful purpose and/or the Locker holds any of the aforementioned prohibited items.
14. Either party shall be entitled to terminate the license for the use of the Locker at any time by giving the other party thirty (30) days advance written notice unless the law requires earlier termination of license. The key of the Locker shall in such case be delivered by the Licensee to the Licensor before noon within thirty (30) days notice expires and the termination becomes effective.
15. Lockers will be rented by the Licensor for a period of one year in the first instance and the license to use the Locker shall be automatically renewed year to year thereafter unless terminated in the manner provided in these terms and conditions.
16. The Licensee expressly acknowledges that it is fully aware and cognizant of the various risks (e.g. technical forgery, programming of bogus fax numbers or e-mail address) inherent and associated with automated Lockers and the Licensee is fully prepared to accept such risks. The Bank shall not be liable for any risks related thereto. The Accountholder hereby fully, irrevocably and forever waives, releases, discharges, relinquishes the Bank from any and all claims, obligations and rights whatsoever and howsoever arising, that the Accountholder may have against the Bank (if any) which arises or may arise as a result of the Bank acting or refraining from acting on any use of the Locker with secret PIN of Lockers.
17. All repairs, required to be done to the Locker door etc. shall be done exclusively by workmen appointed by the Bank.
18. Without prejudice to any other remedies, which the Bank may have against the Licensee, all rights of the Licensee to the use of the Locker shall be forfeited in the event of non-payment of applicable charges, fees in accordance with the I-SOBC, whether the same shall be demanded or not; or upon breach of any of the terms and conditions hereof by the Licensee. The Licensee hereby grants the bank permission to break open the Locker, and to either (i) forward (by courier or by other reasonable means and at the Licensee's risk), contents of the Locker to the Licensee at the registered address given by the Licensee to the bank, or (ii) retain and keep the contents in such other Locker or place as it may think fit, or (iii) sell the contents with notice to the Licensee and appropriate sale proceeds towards payment of the outstanding rent and other dues at actual.
19. The Licensor should immediately be notified of any change in address of the Licensee and any notice or communication sent by post to the registered address of the Licensee shall be considered to have been duly served at the place where it would, in the ordinary course of post, have reached him.
20. The Licensor reserves the right of closing the Lockers for such period as it may consider necessary, for any reason whatsoever. The Licensor also reserves the right of making changes in the opening and closing hours of the department without any previous intimation.

    Licensees are advised to keep the keys of the Lockers in a place of safety, not to divulge the number of their Lockers and not to give keys to any person other than those who are authorized to operate the Lockers. Licensees are also advised please don't share your secure Locker PIN with any one.

    1. The Licensor shall endeavour to provide the best possible security to the Lockers. It may from time to time whenever deemed necessary in its own opinion, decide to purchase takaful cover for the Lockers up to any limit, which it considers appropriate.
    2. An takaful claim will be entertained in respect of those Lockers only whose rent/dues stand fully paid/cleared by the Licensees. The maximum takaful cover for different sizes of Lockers are as follows:

| Locker Size | HBL Semi Digital (Coverage in PKR) | HBL Automated (Coverage in PKR) |
|---|---|---|
| Small | Not applicable | 2,000,000/- |
| Medium | 2,000,000/- | 3,000,000/- |
| Large | 3,000,000/- | 4,000,000/- |

3. The takaful cover will only be available in the event of theft, robbery, dacoity and fire including (without limitation) any act of vandalism of Lockers.

21. Except for the takaful cover mentioned in clause 23 of these terms and conditions the Licensor shall not be responsible for any loss to the Licensee in the event of:

   a. Any loss (total or partial) of any article, documents, securities or valuables in the Locker due to any reasons whatsoever including any act beyond human control or flooding or riots or force majeure;

   b. Theft of Cash (Currency Notes and Coins) from Lockers;

   c. Mysterious/unexplainable disappearance of items placed inside the Lockers/safe deposit boxes; and

   d. Losses as a result of terrorism of whatsoever nature.

22. An takaful claim will only be acceptable as per terms & conditions provided in the takaful policy obtained by the Licensor and in case of breakage/damage to the Locker by any means, the Licensor will give immediate consideration to compensating the Licensee as per the takaful ceiling of the Locker. The Licensee is required to submit a request for takaful claim at branch along with the receipt of valuables in case any breakage/damage to the Locker takes place.

23. The Licensor reserves the right to shift the Locker cabinet(s) from one branch to another under its protective custody with prior written notice to the Licensee.

24. The surrender of the Locker in case of Joint Licensees (irrespective of joint operation mandate, or either-or survivor mandate) shall be done under the signature of all Licensees.

25. It is hereby agreed that the relation of the parties shall be that of a Licensor and Licensee.

26. Under no circumstances shall the Licensor bear any responsibility and/or liability in case of any dispute between the Licensees.

27. ln the event of the death of a sole Licensee or the last surviving joint Licensee, the Licensor may at its option (and on evidence, which it may deem necessary being produced) permit the legal representative of the deceased sole Licensee or of the deceased last surviving joint Licensee as the case may be, to inspect the contents of such Locker and on the production of a Probate or Letters of Administration, the executor or administrator named therein shall have power to deal with the contents of the Locker and shall be deemed to be the Licensee of such Locker in place of the original Licensee. In case there are more than one Licensees, the death of one or more of them shall not affect the rights of the others to have access to the Locker. However, if the Licensor is notified of any dispute between the Licensees and/or their legal heirs, whether upon death of one of the Licensees or otherwise, the Licensor may, at its discretion, preclude the Locker from being operated by until such time as it receives orders from a court of competent jurisdiction.

28. The Licensee should ensure all belongings are securely kept in the Locker and the Locker is properly closed after use.

29. The Licensor is hereby authorized to make disclosures regarding the Lockers and/or the contents thereof to any competent authority in accordance with law.

30. In the event of any inconsistency, conflict or ambiguity between the original English terms and conditions and its Urdu translation, the provisions of the English version shall prevail.

## لاکرز کو کرائے پر دینے کی شرائط وضوابط

(میں/ہم) ان شرائط وضوابط میں حبیب بینک پر لاکر کے لائسنس دہندہ اور آپ پر لاکر کے لیے حامل لائسنس/ لائسنس یافتہ ہونے کی حیثیت سے عائد ہونے والی ذمہ داریوں کی وضاحت کی گئی ہے۔ ان شرائط وضوابط کا اطلاق پاکستان بھر میں لاکر کی سہولت کی حامل حبیب بینک کی تمام برانچوں کے لاکرز پر ہوگا۔

(میں/ہم) حامل لائسنس/ لائسنس یافتگان (حبیب بینک لمیٹڈ) بینک سے درخواست کرتا/کرتی ہوں کہ مجھے/ہمیں لاکر اوپننگ فارم (لاکر اوپننگ فارم) میں فراہم کردہ معلومات کے مطابق [یہاں مطلوبہ بینک برانچ کا نام لکھیں] میں واقع سیف ڈپازٹ لاکر (لاکر) استعمال کرنے کی اجازت/حق دیا جائے۔

### میں/ہم مندرجہ ذیل کو میں تسلیم کرتا/کرتی ہوں یا کرتے ہیں:

الف۔ میں/ ہم نے اس لاکر کے سلسلے میں عائد ہونے والی شرائط وضوابط کو وصول کرلیا ہے (دستاویز ہذا میں اس سلسلے میں "شرائط وضوابط" کی اصطلاح استعمال کی گئی ہے)۔

ب۔ میں/ ہم نے شرائط وضوابط کو احتیاط سے پڑھ اور سمجھ لیا ہے۔

پ۔ میں/ ہم نے اس لاکر اوپننگ فارم پر دستخط کر کے تمام شرائط وضوابط کو قبول کرلیا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ایسی تمام تبدیلیوں، ضمیموں یا ترامیم کو بھی قبول کرلیا ہے جنہیں بینک کی جانب سے مستقبل میں متعارف کروایا اور مطلع کیا جاسکتا ہے، اور

ت۔ میری/ ہماری فراہم کردہ معلومات ہر لحاظ سے مکمل اور درست ہیں۔

1۔ ہر لاکر کے لیے ایک منفرد لاکر نمبر جاری کیا جائے گا اور لاکر کے متعلق تمام خط و کتابت میں اس منفرد نمبر کا حوالہ دیا جائے گا۔

2۔ لائسنس یافتگان کو لاکر والی متعلقہ برانچ کے عمومی دفتری اوقات کار کے دوران لاکرز تک رسائی حاصل ہوگی۔

3۔ حامل لائسنس اتفاق کرتا ہے کہ وہ لاکر استعمال کرنے کے لیے حاصل کردہ لائسنس کی مدت کے دوران پاکستان میں بینک کی کسی بھی برانچ میں اپنا اکاؤنٹ فعال حالت میں رکھے گا؛ تاہم کسی بھی وجہ سے ایسا بینک اکاؤنٹ بند کرنے کی صورت میں، حامل لائسنس فوری طور پر لاکر سے دستبردار ہوگا جبکہ اگر حامل لائسنس لاکر سے دستبردار نہ ہونا چاہے اور اکاؤنٹ بند کرنا ہو تو ایسی صورت میں لاکر کو ایسے حامل لائسنس کے کسی اور اکاؤنٹ کے ساتھ منسلک کیا جاسکتا ہے۔ حامل لائسنس بینک کی جانب سے کٹوتی کے وقت اپنے اکاؤنٹ میں لاکر کے واجب الادا کرائے کے مساوی رقم کی موجودگی کو یقینی بنانے کا ذمہ دار ہوگا۔

4۔ لائسنس دہندہ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ I-SOBC کے مطابق لاکر کا کرایہ اور نافذ العمل چارجز کی عدم ادائیگی کی صورت میں حامل لائسنس کو لاکر تک رسائی فراہم کرنے سے انکار کردے۔

5۔ حامل لائسنس، لائسنس دہندہ کو اختیار دیتا ہے کہ وہ لاکر فیس کی ادائیگی کے لیے مقررہ تاریخ پر اس کے نام پر موجود کسی بھی بینک اکاؤنٹ سے فیس کی کٹوتی کرلے۔

6۔ کسی فرد کے نام پر رکھے گئے تمام لاکرز انفرادی طور پر یا ایسے فرد کے پاور آف اٹارنی ہولڈر کے ذریعے چلائے جائیں گے اور جوائنٹ لائسنس یافتہ یسی ڈیجیٹل/ آٹومیٹڈ لاکرز کے معاملے میں مشترکہ لائسنس کے ساتھ بشمول "ایدر اور سروائیور" "مینڈیٹ، صرف انفرادی طور پر چلایا جاسکتا ہے اور مشترکہ طور پر کام نہیں کیا جاسکتا، مشترکہ لائسنس دہندگان میں سے کسی ایک کے ذریعے یا جیسا کہ مشترکہ لائسنس دہندگان کے ذریعہ لاکر کھولنے کے فارم میں بیان کیا گیا ہے، یا ان کے پاور آف اٹارنی ہولڈرز کے ذریعہ اور لائسنس دہندگان نے اپنی صوابدید کے مطابق قبول کیا ہے۔

7۔ مشترکہ لائسنس کی صورت میں، استعمال کے متعلق ہدایات یا لاکر اوپننگ فارم کے حوالے سے دیگر معلومات میں کسی قسم کی تبدیلی کے بارے میں استعمال کے طریقے سے قطع نظر تمام لائسنس یافتگان کی جانب سے ہدایات دینی ہوں گی۔

8۔ لاکر چارجز اسلامک بینک چارجز کے شیڈول کے مطابق لاگو ہوں گے، جن تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے اور بینک کی آفیشل ویب سائٹ/https://www.hbl.com پر اس کا جائزہ لیا جاسکتا ہے۔

9۔ حامل لائسنس لاکرز کی چابی کو محفوظ طریقے سے رکھنے کا واحد ذمہ دار ہوگا۔ حامل لائسنس کی جانب سے چابی کی گمشدگی کی صورت میں وہ بلا تاخیر بینک کو اطلاع دے گا جس کے بعد حامل/ حاملین لائسنس کی تحریری درخواست پر لائسنس دہندہ کے منظور شدہ فرد/ ادارے کے ذریعے لاکر کو توڑ کر کھولا جائے گا۔ اس سلسلے میں ہونے والے تمام اخراجات بشمول لاکر کی تبدیلی اور چابی کے اخراجات حامل لائسنس شیڈول آف بینک چارجز کے مطابق ادا کرے گا۔ لاکر اور چابی کو تبدیل کرنے کے لیے لاکر کو توڑنے اور کھولنے کے تمام قابل اطلاق چارجز I-SOBC کے مطابق لائسنس یافتہ کے ذریعے ادا کیے جائیں گے۔

10۔ حامل لائسنس کی جانب سے شیڈول آف بینک چارجز کے مطابق ادا کردہ" کی ڈپازٹ چارجز" حامل لائسنس کو اس وقت واپس کر دیئے جائیں گے جب وہ لائسنس دہندہ کو لاکر واپس کرے گا تاہم اس کے لیے ضروری ہے کہ حامل لائسنس کی جانب کسی قسم کے واجبات باقی نہ ہوں۔ حامل لائسنس کی جانب سے لائسنس دہندہ کو لاکر کے کرائے یا کسی اور مد میں واجب الادا چارجز کی صورت میں، حامل لائسنس، لائسنس دہندہ کو یہ حق دیتا ہے کہ واجبات کی موجودگی کی صورت میں وہ واجب الادا کرایہ اور دیگر چارجز حقیقی کو " کی ڈپازٹ" میں سے منہا کرلے۔

11۔ حامل لائسنس کو لاکر کی ملکیت کا حق حاصل نہیں ہوگا تاہم اسے ان شرائط وضوابط کے تحت صرف لاکر استعمال کرنے اور اس تک رسائی کا حق حاصل ہوگا۔ حامل لائسنس کو یہ اجازت حاصل نہیں ہے کہ وہ لاکر کسی اور کو جزوی یا کلی طور پر تفویض کرے یا کرایہ پر دے۔

12۔ حاملین لائسنس میں سے کسی بھی فرد کے انتقال کی صورت میں حاملین لائسنس کا لاکر کے استعمال سے متعلق حق منسوخ ہو جائے گا۔

13۔ حامل لائسنس، لاکر کو نقدی، مائع، جلد خراب ہونے والی اشیاء، کیمیکل، خطرناک مواد، آتش گیر مواد، ممنوعہ اشیاء یا کوئی اور ایسی چیز رکھنے کے لیے استعمال نہیں کرے گا جسے رکھنا یا ذخیرہ کرنا غیر قانونی، نقصان دہ، تباہ کن یا کسی بھی طرح سے قانوناً منع ہو۔ اگر لائسنس دہندہ کو یہ پتہ چلے کہ لاکر کو غیر قانونی مقاصد کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے اور/ یا اس میں مذکورہ بالا ممنوعہ اشیاء میں سے کوئی چیز رکھی گئی ہے تو لائسنس دہندہ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ لائسنس ہذا کو منسوخ کردے۔

14۔ ہر دو فریقین میں سے کوئی بھی فریق لاکر کے استعمال کے لائسنس کو کسی بھی وقت تب تک تیس دن کے تحریری پیشگی نوٹس کے ساتھ منسوخ کرنے کا حق رکھتا ہے جب تک قانونی طور پر اس لائسنس کی قبل از مذکورہ وقت منسوخی درکار نہ ہو۔ ایسی صورت میں حامل لائسنس لاکر کی چابی لائسنس دہندہ کو 30 دن ختم ہونے سے قبل دوپہر سے پہلے جمع کروائے گا جس کے بعد منسوخی عمل میں آئے گی۔

15۔ پہلے مرحلے میں لائسنس دہندہ لاکر کو ایک سال کے لیے کرایہ پر دے گا جس کے بعد لاکر کے استعمال کے لائسنس کی تجدید اس وقت تک سال بہ سال خود بخود ہوتی رہے گی جب تک شرائط وضوابط ہذا میں صراحت کردہ طریقہ کار کے مطابق اس کی منسوخی نہ کی گئی ہو۔

16۔ لائسنس دہندہ واضح طور پر تسلیم کرتا ہے کہ وہ مختلف خطرات سے پوری طرح ہوشیار اور باخبر ہے (مثلاً تکنیکی جعلسازی، بوگس فیکس نمبرز کی پروگرامنگ یا ای میل) اور خودکار لاکرز سے منسلک ہے۔ لائسنس دہندہ نے اس طرح کے خطرات سے نبرد آزما ہونے کے لیے خود کو آراستہ کرلیا ہے جبکہ بینک اس سے متعلق کسی بھی خطرے کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا۔ جس کے ذریعے اکاؤنٹ ہولڈر مستقل طور پر بینک کو کسی بھی اور تمام ترکلیمز، ذمہ داریوں اور حقوق سے دستبردار کرتا ہے، جو اکاؤنٹ ہولڈر کے پاس بینک کے خلاف ہوسکتا ہے (اگر کوئی ہو) جو بینک کی کارروائیوں یا لاکرز کے خفیہ پن (PIN) سے منسلک لاکر کے کسی بھی طرح کے استعمال پر عمل درآمد کرنے سے بعض رہنے کے نتیجے میں پیدا ہوتا یا ہوسکتا ہے۔

17۔ لاکر کے دروازے وغیرہ کے لیے درکار ہر طرح کی مرمت صرف اور صرف بینک کا مقرر کردہ کاریگر کرے گا۔

18۔ کسی بھی دوسرے طے شدہ حل کہ تناظر میں جو بینک کے پاس لائسنس دہندہ کے خلاف ہوسکتا ہو حامل لائسنس تبدیلی کے متعلق لائسنس دہندہ کو فی الفور اطلاع دے گا، جبکہ لائسنس دہندہ کے تمام حقوق اور لاگو چارجز آئی ایس او بی سی (I-SOBC) کے تحت فیس کی عدم ادائیگی کی صورت میں ضبط کرلیے جائیں گے، چاہے ان کا مطالبہ کیا یا نہ کیا جائے، یا لائسنس دہندہ کے ذریعے یہاں کی شرائط وضوابط میں سے کسی کی بھی خلاف ورزی پر لائسنس دہندہ بینک کو لاکر توڑنے کی اجازت دیتا ہے، اور بشمول دونوں کو

(i) آگے منتقل کرتا ہے (بذریعہ ڈاک یا دیگر معقول ذرائع کے ساتھ لائسنس یافتہ کے خدشات پر) لائسنس یافتہ کے ذریعے بینک کو دیے گئے رجسٹرڈ پتے پر لاکر کے خفیہ مواد کو لائسنس یافتہ تک منتقل کرنا؛ یا

(ii) خفیہ مواد کو اس طرح کے دیگر مقامات یا کسی اور جگہ پر برقرار رکھنا جیسا کہ وہ مناسب سمجھے؛ یا

(iii) لائسنس یافتہ کو نوٹس کے ساتھ مواد فروخت کریں اور اصل میں بقایا کرایہ اور دیگر واجبات کی ادائیگی کے لیے مناسب فروخت کی کارروائی۔

19۔ پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں جو حامل لائسنس تبدیلی کے متعلق لائسنس دہندہ کو فی الفور اطلاع دے گا اور کسی بھی نوٹس یا مواصلات کو مناسب طریقے سے لائسنس یافتہ کے رجسٹرڈ پتے پر بذریعہ ڈاک بھیجے اور پیش کیے گئے جہاں یہ پوسٹ کے عام کورس میں اس تک منتقل ہوئے ہیں

20۔ لائسنس دہندہ کو حق حاصل ہے کہ وہ جتنا عرصہ ضروری سمجھے، کسی بھی وجہ سے لاکرز کو بند رکھے۔ لائسنس دہندہ کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ وہ کسی قسم کی سابقہ اطلاع کے بغیر ڈپارٹمنٹ کو کھولنے اور بند کرنے کے اوقات کار میں تبدیلی کرے۔

حاملین لائسنس کو نصیحت کی جاتی ہے کہ وہ لاکرز کی چابیوں کو محفوظ جگہ پر رکھیں، اس کے علاوہ وہ اپنے لاکرز کے پن نمبر کسی کو نہ بتائیں اور نہ ہی ان افراد کے سوا کسی کو چابیاں دیں جنہیں لاکرز کے استعمال کا اختیار دیا گیا ہو۔

1۔ لائسنس دہندہ لاکرز کے لیے ممکنہ طور پر بہترین سیکیورٹی کی فراہمی کے لیے کوشش کرے گا۔ لائسنس دہندہ جب کبھی بھی ضروری سمجھے تو وہ وقتاً فوقتاً کسی بھی حد تک اور جتنا ضروری سمجھے، لاکرز کے لیے تکافل کور خریدنے کا فیصلہ کرسکتا ہے۔

2۔ صرف ان لاکرز کے لیے تکافل کلیم قبول کیا جائے گا جن کے کرائے/ واجبات حاملین لائسنس کی جانب سے مکمل طور پر ادا شدہ ہوں مختلف سائز کے لاکروں کے لیے تکافل کور کی زیادہ سے زیادہ حد ذیل میں دی گئی ہے:

| لاکر کا سائز | HBL<br>سیمی ڈیجیٹل<br>(روپے میں کوریج) | HBL<br>آٹومیٹڈ<br>(روپے میں کوریج) |
|---|---|---|
| چھوٹا | قابل اطلاق نہیں | 2,000,000 |
| درمیانہ | 2,000,000 | 3,000,000 |
| بڑا | 3,000,000 | 4,000,000 |

3۔ تکافل کور صرف اور صرف چوری، لوٹ مار، ڈکیتی اور آگ لگنے بشمول/ بلا حد لاکرز کو کسی قسم کا نقصان پہنچائے جانے کی صورت میں دستیاب ہوگا۔

21۔ شرائط وضوابط ہذا کی شق نمبر 23 میں صراحت کردہ تکافل کور کے سوا، لائسنس دہندہ مندرجہ ذیل صورتوں میں حامل لائسنس کو پہنچنے والے کسی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا:

الف۔ لاکر میں کسی بھی مضمون، دستاویزات، سیکیورٹیز یا قیمتی سامان کا کوئی بھی نقصان (کل یا جزوی) کسی بھی وجہ سے جس میں انسانی عمل دخل سے باہر جیسے سیلاب یا فسادات یا حادثات؛

ب۔ لاکرز سے نقدی بشمول کرنسی نوٹس اور سکوں کی چوری؛

پ۔ لاکرز/ سیف ڈپازٹ بکسوں میں رکھی گئی اشیاء کی پراسرار/ ناقابل وضاحت گمشدگی؛ اور

ت۔ کسی قسم کی دہشت گردی کی صورت میں ہونے والے نقصانات؛

22۔ تکافل کلیم لائسنس دہندہ کی جانب سے حاصل کردہ انشورنس پالیسی میں صراحت کردہ شرائط وضوابط کے مطابق قابل قبول ہوگا۔ لاکر کو کسی بھی طرح سے پہنچنے والے نقصان/ توڑ پھوڑ کی صورت میں، لائسنس دہندہ لاکر کی تکافل کی حد کے مطابق حامل لائسنس کی فی الفور تلافی پر توجہ دے گا۔ حامل لائسنس کے لیے ضروری ہے کہ برانچ میں تکافل کلیم کے لیے درخواست جمع کروائے اور اس کے ساتھ ساتھ لاکر کے ساتھ ہونے والی کسی قسم کی توڑ پھور/ نقصان دہی کی صورت میں قیمتی اشیاء کی رسیدیں فراہم کرے۔

23۔ لائسنس دہندہ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ حامل لائسنس کو پیشگی تحریری اطلاع دیتے ہوئے لاکر کی الماری/ الماریوں کو ایک برانچ سے دوسری برانچ میں اپنی حفاظتی تحویل میں منتقل کرے۔

24۔ مشترکہ لائسنس یافتگان کی صورت میں (مشترکہ استعمال کے اختیار، یا کسی ایک یا پسماندہ کے اختیار سے قطع نظر) لاکر کی دستبرداری تمام لائسنس یافتگان کے دستخطوں کے ذریعے ہوگی۔

25۔ اتفاق کیا جاتا ہے کہ فریقین میں لائسنس دہندہ اور حامل لائسنس کا تعلق ہوگا۔

26۔ حالات وواقعات چاہے کیسے ہی کیوں نہ ہوں، لائسنس دہندہ، لائسنس یافتگان کے مابین ہونے والے کسی تنازعے کے نتیجے میں کسی ذمہ داری اور/ یا بوجھ کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

27۔ واحد/ اکلوتے یا زندہ بچ جانے والے آخری مشترکہ حامل لائسنس کی وفات کی صورت میں، لائسنس دہندہ اپنی مرضی سے اور موزوں خیال ثبوت کی فراہمی پر، متوفی اکلوتے حامل لائسنس یا متوفی زندہ بچ جانے والے آخری مشترکہ حامل لائسنس کے قانونی نمائندے کو لاکر میں موجود اشیاء کا معائنہ کرنے کی اجازت دے سکتا ہے جبکہ تقرر نامے یا نظم ونسق کے لیے خطوط پیش کرنے پر، ان میں درج منتظم کو لاکر میں موجود اشیاء کو استعمال کرنے کا حق حاصل ہوگا اور اسے اصلی حامل لائسنس کی جگہ ایسے لاکر کا حامل لائسنس تصور کیا جائے گا۔ ایک سے زائد حاملین لائسنس ہونے کی صورت میں، ان میں سے کسی ایک یا زیادہ افراد کی وفات سے دیگر افراد کے لاکر تک رسائی کے حقوق متاثر نہیں ہوں گے۔ تاہم لائسنس دہندہ کو حاملین لائسنس اور/ یا ان میں سے کسی ایک کی وفات پر یا دیگر اوقات میں قانونی ورثاء کے مابین کسی تنازعے کی موجودگی کے متعلق اطلاع دیے جانے کی صورت میں، لائسنس دہندہ اپنی مرضی سے لاکر کے استعمال کو اس وقت تک روک سکتا ہے جب تک اسے مجاز دائرہ کار رکھنے والی عدالت سے احکامات وصول نہ ہو جائیں۔

28۔ حامل لائسنس یقینی بنائے گا کہ تمام اشیاء لاکر میں محفوظ طریقے سے رکھی گئی ہوں اور استعمال کے بعد لاکر کو درست طریقے سے بند کیا گیا ہو۔

29۔ لائسنس دہندہ کو یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ قانون کے مطابق مجاز اتھارٹی کو لاکرز اور/ یا ان میں موجود اشیاء کے متعلق معلومات فراہم کرے۔

30۔ کسی بھی تضاد، تنازعات یا اصل انگریزی شرائط وضوابط اور اس کے اردو ترجمہ کے درمیان ابہام کی صورت میں انگریزی زبان کی دفعات کو درست تسلیم کیا جائے گا۔